Time	Narration
00:01	جاوا میں Type Conversion کے سپوکن ٹیوٹوریل میں آپ کا استقبال ہے.
00:06	اس ٹیوٹوریل میں، ہم سیکھیں گے :
00:08	ڈیٹا کو ایک ڈیٹا ٹائپ سے دوسرے میں کیسے تبدیل کرتے ہیں.
00:13	کنورجن کے دو اقسام ہیں، Implicit اور Explicit کنورجن اور
00:18	سٹرنگس کو نمبرس میں کیسے تبدیل کرتے ہیں
00:23	اس ٹیوٹوریل میں ہم استعمال کریں گے Ubuntu 11.10 JDK 1.6 اور Eclipse 3.7
00:33	اس ٹیوٹوریل کے لئے، آپ کو جاوا میں ڈیٹا ٹائپس کا علم ہونا چاہئے.
00:38	اگر ایسا نہیں ہے، تو مناسب ٹیوٹوریل کے لئے ہماری مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جائیں.
00:47	Type conversion کا مطلب ایک ڈیٹا ٹائپ کو دوسرے میں تبدیل کرنا ہے.
00:53	دیکھتے ہیں کہ یہ کس طرح کیا جاتا ہے.
00:55	Eclipse پر جائیں.
01:02	یہاں ہمارے پاس باقی کوڈ کے لئے ضروری Eclipse IDE اور skeleton ہے.
01:07	میں نے TypeConversion نامی ایک کلاس بنالیا ہے اور اس میں مین میتھڈ کو شامل کرلیا ہے.
01:13	اب کچھ ویریبل بناتے ہیں.
01:19	int a اکول ٹو 5 float b b اکول ٹو a
01:33	میں نے دو ویریبل بنائے ہیں a . جو ایک integer ہے اور b جو کہ ایک float ہے.
01:39	میں ایک float ویریبل میں انٹجر (integer) ویلیو سٹور کر رہا ہوں.
01:43	دیکھتے ہیں کہ اب فلوٹ (float) ویریبل میں کیا شامل ہے.

01:48	System dot out dot println (b); '
01:58	فائل سیو اور رن کریں
02:07	ہم دیکھ سکتے ہیں کہ integer 5، float 5.0 میں تبدیل ہو گیا ہے
02:13	اس قسم کے کنورجن کو implicit کنورجن کہا جاتا ہے.
02:17	جیسا کہ نام سے واضح ہے، ویلیو خود بخود ڈیٹا ٹائپ کے مطابق بدل جاتا ہے.
02:24	اب اسی طریقہ کا استعمال کرتے ہوئے، float کو ایک int میں بدلتے ہیں.
02:30	5 کو ہٹائیں،5 float b equal to 2.5f اور b کو a میں سٹور کرتے ہیں اور a کی ویلیو پرنٹ کرتے ہیں.
02:50	فائل سیو کریں
02:56	ہم دیکھتے ہیں کہ وہاں ایک ایرر ہے.
03:00	وہ ایرر میسیج دیتا ہے،Type mismatch: can not convert from float to int
03:06	اس کا مطلب ہے کہ Implicit conversion صرف ایک int سے ایک float میں ممکن ہے، دوسری طرح سے نہیں.
03:13	ایک float کو ایک int میں تبدیل کرنے کے لئے ہمیں explicit کنورجن کا استعمال کرنا ہوگا.
03:17	اب دیکھتے ہیں کہ ایسا کیسے کرتے ہیں.
03:23	ہم اسے ویریبل کے پہلے، پرنتھیسس میں ایک int کا استعمال کرتے ہوئے کرتے ہیں
03:34	یہ اسٹیٹمینٹ بتاتا ہے کہ ویریبل b میں ڈیٹا کو int ڈیٹا ٹائپ میں تبدیل کیا گیا ہے اور a میں سٹور کیا گیا ہے.
03:43	فائل سیو اور رن کریں
03:51	جیسا کہ ہم دیکھ سکتے ہیں، float کی ویلیو int میں بدل گئی ہے.
03:56	لیکن ڈیٹا ٹائپ موافق ہونے کے لئے، ڈیٹا کو اسی مطابق تبدیل کر دیا گیا ہے.
04:01	Explicit کنورجن کا استعمال int کو float میں تبدیل کرنے کے لئے بھی کیا جا سکتا ہے.
04:07	پچھلی مثال دیکھتے ہیں
04:10	int a =5, float b, b = (float) a
04:32	System.out.println(b);
04:36	ہم integer کو float میں تبدیل کرنے کے لئے Explicit کنورجن استعمال کر رہے ہیں

04:42	فائل سیو اور رن کریں
04:51	ہم دیکھتے ہیں کہ int ویلیو کو ایک float ویلیو میں تبدیل کیا گیا ہے
04:58	دیکھتے ہیں کہ کیا ہوتا ہے جب ہم ایک character کو ایک integer میں بدلتے ہیں.
05:06	int a, char c equal to سنگل کوٹس میں 'm;' ؛
05:24	a اکول ٹو (int) c'
05:32	System dot out dot println ' (a);
05:36	ہم character m کو ایک integer میں تبدیل کررہے ہیں اور ویلیو کو پرنٹ کررہے ہیں
05:43	اسے سیو اور رن کرتے ہیں
05:53	جیسا کہ ہم دیکھ سکتے ہیں، کہ آوٹ پُٹ 109 ہے جو m کی ایسکی (ascii) ویلیو ہے
05:58	اس کا مطلب ہے جب ایک char کو int میں بدلا جاتا ہے، اس کی ایسکی (ascii) ویلیو کو سٹور کیا جاتا ہے.
06:03	ایک ڈِجٹ یعنی عدد کے ساتھ یہ کرتے ہیں.
06:06	char c = digit 5
06:11	اسے سیو اور رن کریں
06:18	جیسا کہ ہم دیکھ سکتے ہیں، آوٹ پُٹ 53 ہے جو '5' character کی ایسکی ویلیو ہے.
06:24	یہ تعداد 5 نہیں ہے.
06:26	نمبر یعنی تعداد حاصل کرنے کے لئے، ہمیں ایک اسٹرنگ کا استعمال کرنا ہوگا اور اسے integer میں تبدیل کرنا ہوگا.
06:31	اب دیکھتے ہیں کہ ایسا کیسے کرتے ہیں.
06:33	مین فنکشن کو ہٹائیں
06:38	ٹائپ کریں
06:40	String sHeight، یعنی ہائیٹ کی string ہیت، اکول ٹو ڈبل کوٹس میں 6
06:58	int h اکول ٹو explicit conversion int of sHeight اور
07:11	System dot out dot println h فائل سیو کریں
07:27	میں نے ویلیو 6 کے ساتھ ایک اسٹرنگ ویریبل بنالیا ہے اور میں اسے ایک integer میں تبدیل کرنے جا رہا ہوں لیکن ہم دیکھتے ہیں وہاں ایک ایرر ہے

07:37	اور یہ ایرر میسیج دکھاتا ہے.Can not cast from String to int
07:42	اس کا مطلب سٹرنگ کو تبدیل کرنے کے لئے ہے، ہم implicitیا explicit کنورجن کا استعمال نہیں کر سکتے ہیں.
07:48	یہ دیگر میتھڈس سے کیا جانا چاہئے . چلئے ان کا استعمال کرتے ہیں
07:58	int sHeightہٹائیں اور ٹائپ کریں.' Integer dot parseInt sHeight
08:21	فائل سیو اور رن کریں
08:29	ہم دیکھتے ہیں کہ ویلیو کو کامیابی سے ایک integer میں بدل دیا گیا ہے.
08:35	ایسا کرنے کے لئے ہم integer موڈیول کے parseInt method کا استعمال کرتے ہیں.
08:41	اب دیکھتے ہیں کہ کیا ہوتا ہے اگر وہاں ایک سے زیادہ نمبر ہوں جیسے 6543
08:49	فائل سیو اور رن کریں
08:55	ہم دیکھتے ہیں کہ تعداد کو شامل کرنے والی سٹرنگ کو دوبارہ کامیابی سے ایک integer میں بدل دیا گیا ہے
09:03	اب دیکھتے ہیں کہ کیا ہوتا ہے اگر سٹرنگ ایک فلوٹنگ پوائنٹ نمبر ہو
09:10	6543 کو 65.43 سے تبدیل کریں . ہمارے پاس سٹرنگ میں ایک فلوٹنگ پوائنٹ نمبر ہے اور ہم اسے ایک integer میں بدل رہے ہیں
09:22	فائل سیو اور رن کریں
09:31	ہم دیکھتے ہیں کہ وہاں ایک ایرر ہے، یہ ہوتا ہے کیونکہ ہم ایک سٹرنگ جس میں فلوٹنگ پوائنٹ نمبر شامل ہے کو ایک integer میں تبدیل نہیں کر سکتے
09:41	ہمیں اسے ایک فلوٹ میں تبدیل کرنا ہوگا . دیکھتے ہیں کہ ایسا کیسے ہوتا ہے؛
09:45	پہلا ڈیٹا ٹائپ فلوٹ ہونا چاہئے،
09:51	دوسرا ہم float، parsefloat کا استعمال کریں گے
10:07	ہم ایک فلوٹنگ پوائنٹ نمبر والی سٹرنگ کو ایک حقیقی فلوٹنگ پوائنٹ نمبر میں تبدیل کرنے کے لئے float کلاس کے Parsefloat میتھڈ س کا استعمال کر رہے ہیں.
10:18	فائل سیو اور رن کریں۔ ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ایک فلوٹنگ پوائنٹ نمبر والی سٹرنگ کو کامیابی سے ایک فلوٹنگ پوائنٹ نمبر میں تبدیل کر لیا گیا ہے.
10:33	اور اسی طرح ہم implicitاور explicit کنورجن کرتے ہیں اور کس طرح ہم سٹرنگ کو نمبرس میں تبدیل کرتے ہیں.

10:45	اب ہم اس ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ گئے ہیں
10:48	اس ٹیوٹوریل میں ہم نے سیکھا کہ ڈیٹا یعنی اعدادوشمار کے ایک قسم کو دوسرے میں کیسے تبدیل کرتے ہیں.
10:54	implicitاور explicit کنورجن سے کیا مراد ہے
10:57	اور سٹرنگ کو نمبرس میں کیسے تبدیل کرتے ہیں
11:01	اس ٹیوٹوریل کی مشق کے طور پر، Integer.toStringاور Float.toStringکے بارے میں پڑھیں
11:07	اور پتہ کریں وہ کیا کرتے ہیں؟
11:14	سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کے بارے میں مزید جاننے کے لئے ،مندرجہ ذیل لنک پر پر دستیاب ویڈیو دیکھیں،
11:20	یہ سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کو خلاصہ کرتا ہے.
11:23	اگر آپ کے پاس اچھی بینڈوڈتھ نہیں ہے،تو آپ اسے ڈاؤن لوڈ کر کے دیکھ سکتے ہیں
11:27	سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹیم،سپوکن ٹیوٹوریلس کا استعمال کرتے ہوئے ورکشاپ چلاتی ہے.
11:31	اور آن لائن ٹیسٹ پاس کرنے والوں کو سند دیتے ہیں.
11:34	مزید معلومات کے لئے، براہ مہربانی contact AT spoken HYPHEN tutorial DOT org پر لکھیں.
11:40	سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ،ٹاک-ٹو-اے- ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے
11:44	اسے قومی خواندگی مشن نے ICT، ایمپچارڈی حکومت ہند کے ذریعے حمایت کی ہے.
11:50	اس مشن پر مزید معلومات spoken HYPHEN tutorial DOT org SLASH NMEICT HYPHEN Intro پر دستیاب ہے
11:55	اس اسکرپٹ کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، ہمارے ساتھ شریک ہونے کیلئے آپکا شکریہ